**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 03 September 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۳ ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ نوجوانوں کی شمولیت میں اِضافے سے امداد باہمی تنظیموں کی کایا پلٹ سکتی ہے ‘ صدرجمہوریہ دروپدی مُرمو

☆ مہاراشٹر قانون ساز کونسل کا صد سالہ جشن آج ممبئی میں صدر جمہوریہ کی موجودگی میں منایا جائے گا

☆ ڈیجیٹل زراعت یوجنا اور ممبئی- اِندور نئے ریلوے راستے کو مرکزی کابینہ کی منظوری

اور

☆ مراٹھواڑے کے 284 رحلقوں میں موسلا دھار بارش‘ حکومت نے انتظامیہ کو نقصانات کے پنچ نامے کرنے کا دیا حکم

اب خبریں تفصیل سے...

صدرِ جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو نے کہا ہے کہ شعبہ امداباہمی میں نوجوانواں کی شراکت میں اضافے کرنے سے انتظامیہ میں تیکنالوجی کا استعمال بڑھے گا جس کے سبب امداد باہمی تنظیموں کے کام کاج میں مزید بہتری آئے گی ۔ وہ کل کولہاپور ضلعے کے وارنا نگر میں وارنا خواتین امداد باہمی گروہ کی گولڈن جبلی تقریب میں اظہارخیال کررہی تھیں۔ اِس موقعے پر گورنر سی پی رادھا کرشنن ‘ نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس ‘ مرکزی مملکتی وزیر رکشا کھڈسے ‘ رکن پارلیمان دھننجئے مہاڈِک ‘ رکن پارلیمان دھیئے ریہ شیل مانے ‘ کولہاپور کے نگراں وزیر حسن مُشرِف اور رکن اسمبلی وِنئے کورے سمیت متعدد سرکردہ شخصیات موجود تھیں ۔

اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ امداد باہمی کا شعبہ معاشرے کی پوری توانائی کو بروئے کار لانے والا شعبہ ہے۔ انھوں نے اِس صلاحیت کا پورا پورا استعمال کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ بدلتے وقت کے ساتھ ساتھ شعبہ امداد باہمی میں بھی اصلاحات کی ضرورت کا اظہار کرتے ہوئے انھوں نے کہا...

**’’ اِس تیزی سے بدلتے ہوئے سمئے میں سہکاری سنستھاؤں کو بھی اپنے آپ کو بدلنے کی آوشکتا ہے۔ اُنھیں ادھیک سے ادھیک ٹیکنالوجی کا اُپیوگ کرنا چاہیے۔ ساتھ ہی مینجمنٹ کو پروفیشنل بنانا چاہیے۔ یہ سدئے وِدھیان رکھنا چاہیے کہ کوئی بھی سہکاری سنستھا کسی کے ویکتیگت ہیت اور لابھ کمانے کا سادھن بن کر نہ رہ جائے۔ نہیں تو کوآپریٹو کا اُدیش ہی سماپت ہو جائے گا۔ میرا ماننا ہے کہ سہکاریتا سماج میں شکتی کا سدا اُپیوگ کرنے کا اُتم مادھیم ہے۔ سہکاریتا کا یوگدان دیش کے وکاس میں اتولنیہ ہے۔‘‘**

***** ***** *****

صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو آج پونا کی Symbiosis International University کے 21/ویں جلسہ تقسیم اسناد میں شرکت کریں گی۔ اِسی طرح وہ ممبئی میں مہاراشٹر قانون ساز کونسل کے صد سالہ جشن میں بھی شرکت کریں گی۔ آئندہ کل یعنی 4/تاریخ کے روز لاتور ضلعے کے اُدگیر میں بودھ وہار کا افتتاح بھی صدر جمہوریہ کے ہاتھوں کیا جائے گا۔ اِسی طرح اُدگیر میں ہی مہاراشٹر سرکاری کے حکومت آپ کے در پر نامی پروگرام اور وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا سے مستفیض ہونے والوں کے اجلاس میں بھی صدر جمہوریہ اظہار خیال کریں گی۔

***** ***** *****

مرکزی کابینہ نے 2/ہزار 870/کروڑ روپئے کے اخراجات پر مشتمل ڈیجیٹل زراعت منصوبے کی منظوری دی ہے۔ اطاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کل دِلّی میں صحافیوں کو یہ بات بتائی۔ انھوں نے بتایا کہ زرعی سائنس مرکز کی بہتری کے لیے ایک ہزار 202/کروڑ روپئے اور قدرتی وسائل کے بندوبست کے لیے ایک ہزار 115/کروڑ روپئے مختص کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔

اِسی طرح ممبئی -اِندور کو جوڑنے والا 309/کلومیٹر طویل ریلوے راستہ تعمیر کرنے کے لیے بھی 18/ہزار 36/کروڑ روپئے فنڈ کی منظوری دی گئی ہے۔ یہ نیا ریلوے راستہ سال 29-2028ء میں مکمل ہونے کی توقع ہے۔

***** ***** *****

پورے مراٹھواڑے میں بارش کا سلسلہ جاری ہے۔جس کے باعث معمولات زندگی درہم برہم ہو گئے ہیں۔ڈویژن کے 284 رحلقوں میں موسلا دھار بارش ہونے کی خبریں ہیں جس کے سبب 63 ردیہات متاثر ہوئے ہیں۔ناندیڑ ' پربھنی اور ہنگولی ضلعے میں سب سے زیادہ بارش ہو رہی ہے۔

اِسی دوران مراٹھواڑے میں ہوئی موسلا دھار بارش کا نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے جائزہ لیا۔اِس موقعے پر انھوں نے انتظامیہ کو جلد از جلد نقصانات کے پنچ نامے کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آ کا شوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے سبھی تعلقوں میں زوردار بارش ہونے کی اطلاع ہے۔کئی راستوں پر تعمیر پُل زیر آب آ گئے ہیں۔اِسی طرح کئی دیہاتوں میں سیلاب کا پانی بستیوں میں داخل ہو گیا ہے۔ جائیکواڑی ڈیم 90 رفیصد بھر چکا ہے۔ساتھ ہی ڈیم میں 13 رہزار 69 رمکعب فیٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی داخل ہو رہا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کا مانجرا آبی ذخیرہ تقریباً 50 رفیصد بھر چکا ہے۔رکن اسمبلی سندیپ شرساگرنے بیڑ شہر سے گزرنے والی بندوسراندی کے کنارے آباد شہریان سے چوکنا رہنے کی اپیل کی ہے۔وہ کل متعلقہ افسران کے ساتھ صورتحال کا معائنہ کرنے کے بعد بول رہے تھے۔شہر کے چاندنی چوک سے جونا بازار کے درمیان قدیم پُل پر آمد و رفت روک دی گئی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے کے آٹھوں تعلقوں میں موسلا دھار بارش کے سبب ندی نالے لبالب بھر کر بہہ رہے ہیں۔کئی دیہاتوں کو جوڑنے والے پُل زیرآب آچکے ہیں جس کی وجہ سے اُن راستوں پر آمدورفت روک دی گئی ہے۔جالنہ ضلعے کے 29 رحلقوں میں موسلا دھار بارش کی وجہ سے چھوٹے اور اوسط درجے کے آبی ذخائر کی سطح آب تیزی سے بڑھ رہی ہے۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ گھن ساؤنگی تعلقے کے بانے گاؤں میں رہنے والے کسان شیواجی شندے کل ندی میں ڈوبنے کی وجہ سے چل بسے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے 52 رمحصول حلقوں میں سے 50 رحلقوں میں ہوئی موسلا دھار بارش کے باعث بڑے پیمانے پر فصلیں ضائع ہوگئی ہیں۔

سیلو ، جنتور اور سون پیٹھ تعلقوں میں فوجی دستے مدد اور راحتی کاموں میں مصروف ہیں۔کئی افراد کو محفوظ مقامات پر پہنچا دیا گیا ہے۔

پاتھری تعلقے کے بور گواہان میں سیلاب کی وجہ سے ایک کھیت میں قائم بکری پالن مرکز کی تقریباً 90 ربکریاں اور 400 رمرغیاں ہلاک ہوگئی ہیں۔شعبہ محصول نے اِس نقصان کا پنچ نامہ کرلیا ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے سے گزرنے والی کائے دھوندی میں آئے سیلاب کی وجہ سے شیورا گاؤں کے تقریباً ڈیڑھ سو مکانات میں پانی داخل ہو چکا ہے۔

اِسی طرح کلمنوری تعلقے کے بسمت اور عمرگہ راستے میں کائے دھوندی پر تعمیر پُل کا کچھ حصہ ٹوٹ چکا ہے۔

اونڈھا ناگ ناتھ پولس اسٹیشن پر نصب وائرلیس ٹاور پر کل شام بجلی گر پڑی ۔خوش قسمتی سے اِس حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے کے 10 رمیں سے 6 رتعلقوں میں موسلا دھار بارش ہوئی ہے۔ضلعے کے نگراں وزیر گیرش مہاجن نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے بارش کی وجہ سے ہوئے نقصانا کا جائزہ لیا۔اِس موقعے پر انھوں نے ضلع انتظامیہ کو جلد از جلد نقصانات کے پنچ نامے کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے 93/میں سے 85/محصول حلقوں میں موسلا دھار بارش ہوئی ہے۔جس کی وجہ سے تقریباً 2/لاکھ ہیکٹر سے زیادہ زرعی رقبے کو نقصان پہنچا ہے۔ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت نے یہ اطلاع دی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے 16/محصول حلقوں میں موسلا دھار بارش ہوئی ہے۔جس کے سبب ضلعے کے سبھی ندی نالے لبریز ہو کر بہہ رہے ہیں۔ اوڈھ اور تیرنا ندی میں طغیانی آئی ہوئی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے سپرنٹنڈنٹ ایگری کلچر آفیسر نے فصل بیمہ کے حاملین کسانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مسلسل جاری بارش کے سبب ہو رہے فصلوں کے نقصانات کی شکایت جلد از جلد درج کروائیں۔

***** ***** *****

ریاستی وزیر برائے فروغ ہنرمندی و روزگار جناب منگل پربھات لوڑھا نے بتایا ہے کہ وزیر اعلیٰ نوجوانوں کی تربیت یوجنا کے تحت اب تک ایک لاکھ 10/ہزار نوجوانوں کا انتخاب کیا جا چکا ہے۔اِن میں سے 60/ہزار سے زائد نوجوانوں کی خانگی یا سرکاری اِداروں میں تربیت شروع ہو چکی ہے۔وزیر موصوف کل ممبئی میں مخاطب تھے۔

***** ***** *****

وزیر زراعت دھننجے مُنڈے نے بتایا ہے کہ گزشتہ موسم خریف میں کپاس اور سویابین کے کاشتکاروں کے لیے 4/ہزار 194/کروڑ 68/لاکھ روپئے کی مالی مدد منظور کی گئی ہے۔اِس کی تقسیم میں درپیش دشواریوں کو دور کر کے آئندہ 10/ستمبر سے امداد کی رقم براہ راست متعلقہ کاشتکاروں کے بینک کھاتوں میں جمع کی جائے۔وہ کل اِس خصوص میں منعقدہ جائزہ میٹنگ میں اظہار خیال کر رہے تھے۔یہ میٹنگ ویڈیو کانفرنسنگ کے توسط سے منعقد کی گئی تھی۔

***** ***** *****

آ خر میں ا ہم خبر و ں کی سر خیاں ا یک مر تبہ پھر سن لیجیے ...

☆ نو جوانوں کی شمولیت میں اِضا فے سے امدا د با ہمی تنظیموں کی کا یا پلٹ سکتی ہے ' صدر جمہو ر یہ درو پدی مُر مو

☆ مہا را شٹر قا نو ن سا ز کونسل کا صد سا لہ جشن آ ج ممبئ میں صد ر جمہو ر یہ کی مو جو دگی میں منا یا جا ئے گا

☆ ڈ یجیٹل ز ر ا عت یو جنا ا و ر ممبئ- اِ ند و ر نئے ر یلو ے ر ا ستے کو مر کز ی کا بینہ کی منظو ر ی

اور

☆ مرا ٹھوا ڑ ے کے 284 رحلقو ں میں موسلا د ھا ر با ر ش' حکو مت نے ا نتّظا میہ کو نقصا نا ت کے پنچ نا مے کر نے کا د یا حکم

علا قا ئی خبر یں ختم ہو ئیں

آ پ یہ خبر نا مہ ہما ر ے یو ٹیو ب چینل AIR چھتر پتی سنبھا جی نگر پر د و با ر ہ کسی بھی و قت سن سکتے ہیں ۔

☆☆☆